11-10-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ ریاستی وزیر ڈی سری دھر بابو نے کہا کہ ٹکنالوجی تعلیم کے شعبے میں اہم تبدیلیاں لا رہی ہے اور مصنوعی ذہانت پر مبنی حل طلبہ کے سیکھنے کے عمل کو بہتر بنا سکتے ہیں۔

۲۔ کینسر کے خلاف متحدہ جدوجہد کے ذریعہ ہی کامیابی ممکن ہے۔ ریاستی وزراٗ واکٹی سری ہری اور پونم پربھا کر کا بیان۔

۳۔ مرکزی وزیر کشن ریڈی نے سوال کیا کہ کانگریس کو دہلی میں ایک قانون اور تلنگانہ میں بی جے پی کے لئے دوسرا قانون ہے۔

۴۔ تلنگانہ میں خشک موسم کا سلسلہ جاری ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق جنوب مغربی مانسون کمزور پڑ گیا ہے۔

Revanth Reddy

تلنگانہ کے چیف منسٹر ریونت ریڈی نے ایل نینو کے اثرات کے باعث پیدا ہونے والی صورتحال سے نمٹنے کے لئے کل اعلیٰ عہدیداروں کے ساتھ ایک اہم جائزہ اجلاس منعقد کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ بحران سے نمٹنے کے لئے آئندہ 8 ماہ انتہائی اہمیت کے حامل ہیں۔ چیف منسٹر نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ ایل نینو کی صورتحال سے نمٹنے کے لئے خصوصی وار روم قائم کیا جائے اور عوام کی سہولت کے لئے ٹول فری نمبر بھی شروع کیا جائے۔ انہوں نے پانی کی قلت کو سنگین ہونے سے روکنے کے لئے ضروری اقدامات کرنے کی ہدایت دی۔ ریونت ریڈی نے خبردار کیا کہ آنے والے دنوں میں بجلی کا بحران بھی شدت اختیار کر سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست کی ضروریات کے مطابق بجلی خریدنے کے لئے حکومت کسی بھی حد تک خرچ کرنے کیلئے تیار ہے، تاہم بازار میں ضرورت کے مطابق بجلی دستیاب نہیں ہے۔ ایسے حالات میں دستیاب بجلی کا کفایت شعاری کے ساتھ استعمال ناگزیر ہے۔ مستقبل میں سنگین بحران کے خدشہ کے پیش نظر چیف منسٹر نے عہدیداروں کے ساتھ تفصیلی تبادلہ خیال کیا اور پینے

کے پانی، آبپاشی، زراعت اور بجلی سے متعلق مسائل سے نمٹنے کے لئے جامع لائحہ عمل تیار کرنے کی ہدایت دی۔ انھوں نے مزید کہا کہ مؤثر لائحہ عمل تیار کرنے کے ساتھ ساتھ اس پر سختی سے عمل درآمد کیا جائے اور عوام کو بھی اس عمل میں شریک کیا جائے تا کہ ممکنہ بحران کے اثرات کو کم سے کم کیا جاسکے۔

Desk

Anti-Drug Cycle Rally

منشیات سے پاک معاشرہ کی تشکیل، نوجوانوں میں منشیات کے مضر اثرات کے تعلق سے شعور بیدار کرنے اور صحت مند طرزِ زندگی کو فروغ دینے کے مقصد سے اکشرا اسپورتی تنظیم کے زیر اہتمام حیدرآباد میں 'نشہ مکت بھارت' سائیکل ریلی کا انعقاد عمل میں لایا گیا۔ اس پروگرام میں راجیہ سبھا کے رکن پارلیمنٹ ڈاکٹر کے لکشمن نے شرکت کی۔ سیتارام پیٹ کے بالا ہنومان مندر سے اسمبلی کے احاطہ میں نصب سردار ولبھ بھائی پٹیل کے مجسمہ تک نکالی گئی اس سائیکل ریلی کے ذریعے عوام میں منشیات کے استعمال کے خلاف شعور بیدار کیا گیا۔

Desk

Women's Bike Rally

انٹرنیشنل گرلز ڈے کے موقع پر شی پاور فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام آج حیدرآباد میں خواتین کی سلامتی سے متعلق بائیک ریلی کا انعقاد عمل میں لایا گیا۔ نیکلس روڈ پر واقع پی وی مارگ کے مقام پر ریاستی وزیر سیاحت جوپلی کرشنا راؤ اور وزیر ٹرانسپورٹ پونم پربھاکر نے جھنڈی دکھا کر ریلی کا آغاز کیا۔ یہ بائیک ریلی جل وہار سے شروع ہو کر ٹینک بنڈ کے اطراف نکالی گئی۔ ریلی میں خواتین کی سلامتی، سڑکوں پر سفر کے دوران اختیار کی جانے والی احتیاطی تدابیر اور خواتین کے حقوق سے متعلق شعور بیدار کیا گیا۔ اس پروگرام میں خواتین سوپر بائیکرس، اسکوٹی سواروں اور سائیکل سواروں نے پرجوش انداز میں حصہ لیا۔ اس موقع پر وزیر جوپلی کرشنا راؤ نے کہا کہ خواتین کی سلامتی، حقوق، عزتِ نفس اور آزادی کا تحفظ ہر

فرد کی سماجی ذمہ داری ہے۔انہوں نے زور دیا کہ خواتین کو اپنے خواب پورے کرنے،لڑکیوں کو تعلیم حاصل کرنے اور ہر شعبے میں آگے بڑھنے کے لئے مساوی مواقع فراہم کیے جانے چاہئیں۔ وزیر نے مزید کہا کہ بچوں کو کم عمری ہی سے خواتین کا احترام کرنے کی اقدار سکھانے میں خاندان کے افراد کو اہم کردار ادا کرنا چاہیئے۔

Desk

BATHUKAMMA FESTIVAL

تلنگانہ کی تہذیب وثقافت اور روایات کی علامت پھولوں کا تہوار 'بتکما' کا شاندار آغاز ہوگیا ہے۔کل 'اینگلی پوولا بتکما' کے ساتھ ریاست بھر میں بتکما کی تقریبات شروع ہوگئیں۔ یہ تہوار مسلسل نو دن تک منایا جائے گا۔اس تہوار کے دوران خواتین مختلف رنگ برنگے پھولوں کو خوبصورتی کے ساتھ گنبد نما شکل میں سجاتی ہیں۔اس کے اوپر ہلدی سے تیار کردہ گورماں کی مورتی نصب کرکے 9 دن تک عقیدت و احترام کے ساتھ پوجا کی جاتی ہے۔ ہر روز شام کے وقت خواتین اورلڑکیاں بتکما کے اطراف جمع ہوتی ہیں اور روایتی بتکما گیت گاتی ہیں۔اس دوران روایتی رقص بھی کیا جاتا ہے جس سے تہوار کی رونق میں اضافہ ہوتا ہے۔تقریبات کے اختتام پر بتکما کو قریبی تالاب یا جھیل میں وسرجن کیا جاتا ہے۔اس تہوار کے ہر دن کی اپنی ایک خاص اہمیت ہے۔اینگلی پوولا بتکما کے ساتھ شروع ہونے والی ان تقاریب کے دوسرے دن یعنی آج اٹکولا بتکما منایا جارہا ہے۔

GS

Governor's Greetings

ریاست بھر میں 9 روزہ دیوی شرن نوراتری کی تقریبات کا شاندار آغاز ہوگیا ہے۔اس موقع پر گورنر شیو پرتاپ شکلا نے ریاست کے عوام کو شرن نوراتری کی مبارکباد پیش کی۔نوراتری کے دوران 9 دن تک درگا ماتا کے نو مختلف روپوں کی پوجا کی جاتی ہے۔گورنر نے خواہش ظاہر کی کہ درگا ماتا کے آشیرواد سے

ریاست اوراس کے عوام خوشحالی وترقی سے ہمکنار رہوں۔شیو پرتاپ شکلا نے دعا کی کہ طاقت کی دیوی درگا ماتا کے آشیرواد سے تمام لوگوں کو طاقت، حوصلہ، امن، خوشحالی اور مسرت حاصل ہو۔

Desk

Ponnam Prabhakar

شہر میں دیوی شرن نوراتری کی تقریبات کا شاندار آغاز ہوا۔اس موقع پر ریاستی وزیر ٹرانسپورٹ پونم پربھاکر نے بلکم پیٹ میں واقع مشہور رینو کا ایلمّا پوچما مندر کا دورہ کیا اور دیوی کے درشن کرتے ہوئے خصوصی پوجا کی۔وزیر نے دیوی کے درشن کئے اور عقیدت واحترام کے ساتھ پوجا میں حصہ لیا۔مندر کو خوبصورتی کے ساتھ سجایا گیا تھا۔اس موقع پر وزیر پونم پربھاکر نے بتایا کہ انہوں نے دیوی سے دعا کی ہے کہ ریاست میں ایل نینو کے اثرات کے باعث بارش کی کمی کی صورتحال کے پیش نظر عوام کو کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔انہوں نے ریاست کے تمام عوام کی صحت، تندرستی، خوشحالی اور مسرت کے لئے بھی دعا کی۔

Desk

KTR

بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی آر نے جے این ٹی یو انجینئرنگ کالج، سرسلہ کے طلبہ کو درپیش مسائل کے سلسلہ میں چیف منسٹر ریونت ریڈی کو مکتوب تحریر کیا ہے۔اپنے مکتوب میں کے ٹی آر نے نشاندہی کی کہ سال 2021 میں مستقل کیمپس کی تعمیر کے لئے 402 کروڑ روپے کی انتظامی منظوری دئے جانے کے باوجود اب تک تعمیراتی کام شروع نہیں ہوسکا ہے۔انہوں نے بتایا کہ منڈے پلی گاؤں میں 120 ایکڑ اراضی مختص کی گئی ہے لیکن تعمیراتی کام زیر التوا ہونے کے باعث جے این ٹی یو فی الحال اگراہارم میں واقع سرکاری ڈگری کالج کے احاطہ میں عارضی طور پر چلایا جا رہا ہے۔کے ٹی آر نے چیف منسٹر سے اپیل کی کہ منڈے پلی میں مختص اراضی پر مستقل کیمپس کی تعمیر کے لئے فنڈس منظور کرتے ہوئے کاموں میں تیزی

لائی جائے۔ انہوں نے یہ بھی درخواست کی کہ نئے کیمپس کی تعمیر مکمل ہونے تک کالج کو موجودہ احاطہ میں ہی جاری رکھنے کے لئے متعلقہ عہدیداروں کو ہدایات دی جائیں۔

PTC Rajanna Sircilla

Ponguleti

ریاستی وزیر پونگولیٹی سرینواس ریڈی نے کہا کہ تلنگانہ حکومت ریاست کے کھلاڑیوں کو قومی اور بین الاقوامی سطح پر تمغے حاصل کرنے کے لئے بھرپور حوصلہ افزائی کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کھلاڑیوں کو بہترین تربیت فراہم کرنے کے ساتھ ضروری سہولتیں بھی مہیا کی جارہی ہیں۔ وزیر نے بھدرادری کوتہ گوڑم ضلع کے اشواراؤپیٹ منی اسٹیڈیم میں منعقد ہونے والے ریاستی سطح کے انڈر 20 لڑکیوں کے کبڈی مقابلوں کا افتتاح کیا۔

PTC Bhadradri Kothagudem

Triple Talaq Voice Cast

وزیراعظم نریندر مودی کے 25 سالہ دورِ حکمرانی پر مختلف طبقات کی جانب سے ستائش کی جارہی ہے۔ نریندر مودی 'عوام کی خدمت کے ذریعہ ملک کی خدمت' کے اصول کے تحت معاشرہ کے ہر طبقے کو سماجی انصاف اور تحفظ فراہم کرنے کے مقصد سے آگے بڑھ رہے ہیں۔ وزیراعظم مودی کی قیادت اور خدمت و بہتر حکمرانی کے رہنما اصولوں کے تحت مرکزی حکومت 2047 تک 'وکست بھارت' کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے کے لئے مسلسل کوششیں کررہی ہے۔ مسلم خواتین کی عزتِ نفس کے تحفظ اور انہیں آئینی حقوق فراہم کرنے کے سلسلہ میں تین طلاق کے رواج کی منسوخی کو ایک تاریخی سنگِ میل قرار دیا جارہاہے۔ تین طلاق کے رواج کی منسوخی کو ملک کی کروڑوں مسلم خواتین کی دہائیوں پر محیط جدوجہد اور عزتِ نفس کے لئے ان کی لڑائی کی کامیابی قرار دیا جارہاہے۔ خواتین کے بنیادی حقوق کے تحفظ اور اس طریقہ کار کے خاتمہ کو سماجی ترقی کی جانب ایک اہم قدم سمجھا جارہاہے۔ ہر خاتون کو آزادی اور وقار کے

ساتھ زندگی گزارنے کا موقع فراہم کرنے کے مقصد سے مرکزی حکومت کی جانب سے کئے گئے اس فیصلے کو موجودہ نسل کے لئے ایک تحریک قرار دیا جا رہا ہے۔ ملک میں خواتین کو بااختیار بنانے کی راہ ہموار کرنے والے اس تاریخی فیصلہ پر حیدرآباد سے تعلق رکھنے والی فرحین بیگم نے آ کا شوانی کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

Sound Byte:

RNU, HYD

Marathon in the forests

تلنگانہ کے ضلع منچریال کے جنگلاتی علاقوں میں آج قومی سطح کی میراتھن کا انعقاد عمل میں لایا گیا۔ ضلع کو سیاحتی مرکز کے طور پر ترقی دینے کے ساتھ ساتھ حیاتیاتی تنوع اور ماحولیات کے تحفظ سے متعلق عوام میں شعور بیدار کرنا اس میراتھن کے انعقاد کا اہم مقصد تھا۔ حاجی پور اور مندامری منڈلوں کے جنگلاتی علاقوں میں منعقدہ اس میراتھن میں ملک کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے دوڑ کے شوقین افراد نے حصہ لیا۔ اس کے علاوہ دیگر ممالک کے چار شرکاء سمیت تقریباً 400 افراد نے اس دوڑ میں شرکت کی۔ اس پروگرام کے ذریعہ جنگلات کی اہمیت، حیاتیاتی تنوع کے تحفظ اور منچریال ضلع میں سیاحت کو فروغ دینے کا پیغام دیا گیا۔

BYTE - RAHUL KISHAN JADAV

PTC Mancherial

Seethakka

ریاستی وزیر سیتا اکا اپنے جنوبی آفریقہ کے دورہ کے بعد آج حیدرآباد پہنچ گئیں۔ شمس آباد انٹرنیشنل ایرپورٹ پر کانگریس کے قائدین اور ملگ ضلع کے قائدین اور کارکنوں اور ان کے حامیوں نے شاندار استقبال کیا۔

Desk

Weather

تلنگانہ میں خشک موسم کا سلسلہ جاری ہے۔محکمہ موسمیات کے مطابق جنوب مغربی مانسون کمزور پڑ گیا ہے اور مانسون کی واپسی کا تانڈور، وقار آباد، حیدر آباد، جنگاؤں اور بھوپال پلی سے گزر رہی ہے۔ریاست میں محبوب نگر میں سب سے زیادہ 37 ڈگری سیلسیس درجہ حرارت ریکارڈ کیا گیا جبکہ پٹن چیرو میں سب سے کم 17.2 ڈگری سیلسیس درجہ حرارت درج ہوا۔اس ماہ کی ایک تاریخ سے 11 تاریخ تک ریاست میں اوسطاً صرف 0.3 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی جو معمول سے 99 فیصد کم ہے۔اب تک ریاست کے 25 اضلاع میں بالکل بارش نہیں ہوئی ہے۔

PN

Sridhar Babu

ریاستی وزیر ڈی سری دھر بابو نے کہا کہ ٹکنالوجی تعلیم کے شعبے میں اہم تبدیلیاں لا رہی ہے اور مصنوعی ذہانت پر مبنی حل طلبہ کے سیکھنے کے عمل کو بہتر بنا سکتے ہیں۔انہوں نے ایڈوٹیک 2025 سروے کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ تعلیمی ٹکنالوجی استعمال کرنے والے بچوں میں 77 فیصد بچے مشق اور سیکھنے کے لئے اس کا استعمال کر رہے ہیں۔وزیر نے کہا کہ روایتی تعلیمی طریقوں کے ساتھ ٹکنالوجی کو مربوط کرنے سے بہتر نتائج حاصل کئے جا سکتے ہیں۔انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ تعلیمی اداروں کو درپیش مسائل کے حل کے لئے تکنیکی سہولتیں فراہم کی جائیں۔سری دھر بابو نے مزید کہا کہ حکومت ڈیٹا کے تحفظ اور رازداری کو انتہائی اہمیت دے رہی ہے۔انہوں نے واضح کیا کہ ڈیٹا سنٹرس کے قیام میں بھی سلامتی اور رازداری کلیدی اہمیت کی حامل ہیں۔

Desk

Revanth

تلنگانہ کے چیف منسٹر ریونت ریڈی گوا روانہ ہوگئے ہیں، جہاں وہ آج شام گوا کانگریس کی جانب سے منعقد کی جانے والی 'گوئے راکھون یاترا' میں شرکت کریں گے۔ چیف منسٹر، چیفٹینس میموریل سے کنکولم بس اسٹینڈ تک نکالی جانے والی پد یاترا میں حصہ لیں گے۔اس کے بعد منعقد ہونے والے جلسہ عام سے خطاب کریں گے۔ ریونت ریڈی رات کے وقت گوا سے دہلی روانہ ہوں گے۔

Desk

Kishan Reddy

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کانگریس پر دوہرا معیار اپنانے کا الزام عائد کرتے ہوئے سوال کیا کہ دہلی میں کانگریس کو احتجاج کی اجازت دی جاتی ہے لیکن تلنگانہ میں بی جے پی کے ساتھ مختلف رویہ کیوں اختیار کیا جارہا ہے۔انہوں نے کانگریس کے مبینہ دوہرے معیار پر ایک پریس بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ دہلی میں کانگریس قائدین کے دھرنوں اور احتجاجی مظاہروں کی اجازت دی گئی اور راہول گاندھی کو بھی آزادانہ طور پر جلسہ منعقد کرنے سے نہیں روکا گیا۔کشن ریڈی نے الزام لگایا کہ اس کے برعکس تلنگانہ میں بی جے پی کے ریاستی صدر رام چندر راؤ سمیت دیگر قائدین کو بار بار ان کے گھروں میں نظربند کیا جا رہا ہے۔انہوں نے کانگریس صدر ملکارجن کھرگے کے ملک کی جمہوریت کو''مَجلِد ڈیموکریسی'' قرار دینے سے متعلق بیان کی بھی مذمت کی۔

Desk

Cancer-causing substances

ریاستی وزراء واکیٹی سری ہری اور پونم پربھاکر نے کہا کہ کینسر کے خلاف متحدہ جدوجہد کے ذریعہ ہی کامیابی حاصل کی جاسکتی ہے۔گریس فاؤنڈیشن کے زیراہتمام حیدرآباد کے گچی باؤلی اسٹیڈیم میں منعقدہ کینسر رن کا دونوں وزراء نے جھنڈی دکھا کر آغاز کیا۔اس موقع پر وزراء نے کہا کہ کینسر کے

بارے میں عوام میں بڑے پیمانے پر شعور بیدار کرنا اور اس بیماری سے بچاؤ کے ساتھ ساتھ اس کی بروقت تشخیص کی اہمیت سے واقف کروانا ہر فرد کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے نوجوانوں سے اپیل کی کہ ملک سے کینسر کے خاتمہ کے لئے جاری جدوجہد میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور عوام میں اس بیماری کے تعلق سے بیداری پیدا کرنے میں اپنا کردار ادا کریں۔

Desk